CENSUS • RECENSEMENT

www.census.gc.ca www.recensement.gc.ca

مردم شماری اور آپ

مردم شماری کیا ہے؟

کینیڈا میں ہر پانچ سال بعد مردم شماری کی جاتی ہے۔ اس میں آبادی کی مردم شماری، جو کینیڈا اور اس کے لوگوں کی شماریاتی عکس فراہم کرتی ہے، اور زراعت کی مردم شماری، جو کینیڈا میں زرعی کاموں سے متعلق معلومات کا ایک مجموعہ فراہم کرتی ہے، شامل ہیں ۔ اگلی مردم شماری مئی 2021 میں کی جائے گی۔

ایک صدی سے زیادہ عرصہ سے، کینیڈا کے شہری مردم شماری کے اعداد و شمار پر انحصار کرتے آئے ہیں یہ جاننے کے لئے کہ ان کا ملک کس طرح تبدیل ہو رہا ہے اور ان کے لئے کون سی چیزیں اہم ہیں۔ مردم شماری آبادی میں اضافے کے بارے میں کلیدی معاشرتی/ معاشیاتی معلومات فراہم کرتی ہے تاکہ چائلڈ ٹیکس بینیفٹس؛ بڑھاپے کی سیکیورٹی پنشن؛ اور اسکول، ڈے کیئر سینٹرز اور ہنگامی خدمات جیسے کمیونٹی خدمات کی فراہمی کے لئے مستقبل کے مطالبے کا اندازہ لگایا جا سکے۔

مردم شماری کے سوالنامے میں نیا اور ترمیم شدہ مواد شامل ہے جو سرمایہ ، تنوع اور شمولیت کی پیمائش کے لئے اہم ہے۔ اس 2021 مشمولات میں صنفی اظہار ، اقلیتی زبان کے حقوق رکھنے والوں ، خود شناسی ، مذہب ، لیبر مارکیٹ (پیشہ کی مارکیٹ) ، دیسی (ملکی) گروپس، رہائش ، آمدنی اور اخراجات کے علاوہ آبادی کے گروپوں پر سوالات شامل ہیں۔

مردم شماری کیسے کی جاتی ہے؟

ہر گھر کو مئی 2021 کے اوائل میں مردم شماری کے بارے میں ہدایات موصول ہوں گی ۔ اس وقت ، آپ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ آیا آپ سوالنامہ آن لائن پر یا کاغذ پر مکمل کریں گے۔ سب سے محفوظ طریقہ یہ ہے کہ اسے آن لائن مکمل کیا جائے ، لیکن ماضی کی طرح کاغذ اور فون کے ذریعے تکمیل کی سہولت بھی دستیاب ہے۔

آن لائن 2021 کی مردم شماری 3 مئی، 2021 سے دستیاب ہوگی۔ آن لائن سوالنامہ مکمل کرنا ایک آسان ، محفوظ اور مناسب آپشن ہے جو کہیں بھی ، کسی بھی وقت استعمال کیا جاسکتا ہے۔ پہلے سے اندراج یا طویل ڈاؤن لوڈ کے طریقۂ اعمال کی ضرورت نہیں ہے۔ ہر فارم پر، آپ کو ایک ایسا کوڈ ملے گا ، جو آپ کے گھر کے لئے الگ یا بے مثیل ہے ، جسے آپ اپنا سوالنامہ مکمل کرنے کے لئے استعمال کریں گے۔ آن لائن سوالنامے میں مددگار ہدایات بھی پیش کی جائیں گی۔

!متوقع 80٪ آن لائن شرکت کی شرح کے ساتھ ، اگلی مردم شماری میں 15 ملین سے زیادہ گھرانوں کی شرکت کی توقع ہے

کیا عالمی وبا کے دوران مردم شماری کرنا محفوظ ہے؟

اسٹیٹسٹکس کینیڈا، کینیڈا کے شہریوں کی حفاظت کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے ، اور یہی وجہ ہے کہ 2021 کی مردم شماری مکمل طور پر بے رابطہ انداز کا ہے۔ کینیڈا کے ہر شہری کو، مردم شماری کے ملازمین کو ذاتی طور پر ان کے پاس جانے کی ضرورت کو ختم کرتے ہوئے ، مردم شماری کے سوالنامے کو آن لائن مکمل کرنے کا موقع ملے گا۔ جب بھی پیروی کرنے کی سرگرمیوں کی ضرورت ہوگی، تو اسٹیٹسٹکس کینیڈا صحت عامہ کے انتظامیہ کی سخت ترین صحت اور حفاظت کی ہدایت کے مطابق عمل کرے گا۔

میں جو معلومات فراہم کرتا ہوں اس کا کیا ہوتا ہے؟

اسٹیٹسٹکس کینیڈا آپ کی رازداری کا احترام کرنے اور انفرادی سوالناموں کی رازداری کو ہر وقت برقرار رکھنے کے لئے پرعزم ہے۔ *اسٹیٹسٹکس ایکٹ* (شماریات کے قانون) کے مطابق ، ایسی کوئی معلومات کھلے عام نہیں چھوڑی جاتی ہیں جو کہ، افراد ، گھرانوں ، یا کاروباری اداروں کی شناخت کرتا ہو یا ممکناً شناخت کرے۔ آپ کی فراہم کردہ معلومات کو محفوظ طریقے سے رکھا جاتا ہے اور اسے اسٹیٹسٹکس کینیڈا شماریاتی غرض سے اپنے دوسرے سروے کی حمایت میں ، یا تجزیہ کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔ اس تک رسائی صرف وہ ملازمین ہی کر سکتے ہیں جنہوں نے رازداری کا حلف لیا ہے۔

کن لوگوں کے لئے سوالنامے کو مکمّل کرنا لازمی ہے

قوم کی حالات اور کمیونٹیز کے اعداد و شمارکا بہترین اندازہ پانے کے لئے، تمام باشندوں کے لئے مردم شماری میں شرکت لازمی ہے۔ اس میں کینیڈا کے شہری (پیدائشی یا قدرتی لحاظ سے) ، لینڈ شدہ تارکین وطن (لینڈیڈ امیگرینٹز) ، پناہ گزین دعویدار (مثال کے طور پر ، پناہ گاہ کے متلاشی) ، کینیڈین فارن سروس کے افسران ، کینیڈین آرمڈ فورسز کے ممبران جر کہ بیرون ملک میں مقیم ہیں ، اور وہ لوگ جو کام یا مطالعاتی اجازت نامے رکھتے ہیں، شامل ہیں۔

اگر آپ آن لائن سوالنامہ مکمل کررہے ہیں لیکن آپ کو اس بارے میں یقین نہیں ہے کہ کس کو شامل کیا جائے تو اپنے گھر کے ہر فرد کو شامل کریں۔ آن لائن سوالنامہ آپ کواس بات کی مدد کے لئے بھی تیار کیا گیا ہے کہ آپ طے کر پائیں کہ جواب میں آپ کے گھر کے کون کون سے رکن شامل ہوں۔

اگر آپ کاغذی سوالنامہ مکمل کررہے ہیں تو ، کن لوگوں کو سوالنامے میں شامل ہونا ہے اس کے متعلق معلومات مردم شماری کی ویب سائٹ اور کاغذی سوالنامے کے فارم پر بھی، "اسٹیپ بی(Step B) میں کس کو شامل کریں" کے سیکشن میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

میری جوابات کا استعمال کس طرح کیا جاتا ہے؟

مردم شماری کے بارے میں آپ کے جوابات کو کینیڈا کی پوری آبادی کے جوابات میں شامل کیا جاتا ہے، تا کہ اعداد و شمار مرتب کی جا سکے جو ان کمیونٹیز کو جو، تعلیم ، روزگار ، نقل و حمل ، صحت کی دیکھ بھال اور رہائش کی حمایت کرتے ہیں ، ایسے پروگراموں اور خدمات کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد دیتی ہیں ۔

میرے مردم شماری کے نتائج کون استعمال کرتا ہے؟

مردم شماری کے اعداد و شمار کو حکومت کی تمام سطحیں، کاروباری ادارے اور انجمنیں ، میونسپل کمیونٹی تنظیمیں ، دیسی برادریاں ، معلمین اور محققین ، اور پالیسی ساز استعمال کریں گے۔ آپ کی معلومات کو باخبر فیصلے کرنے کے لئے استعمال کیا جائے گا جو کینیڈا میں مقیم ہر شخص اور بیرون ملک میں مقیم کینیڈا کے ہر شہری کو متاثر کرتے ہیں۔

میرے لئے مردم شماری ضروری کیوں ہے؟

مردم شماری سے آپ ، آپ کے خاندان کے افراد اور آپ کی برادری کو فائدہ پہنچتا ہے۔ آپ کی فراہم کردہ معلومات سے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ 2021 کی مردم شماری کینیڈا کے بدلتے معاشرے کی درست عکاسی کرتی ہے۔ جب آپ مردم شماری میں حصہ لیتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی برادری کے لئے ڈے کیئر سنٹرز ، اسکولوں ، صحت کی دیکھ بھال ، ہنگامی خدمات ، سڑکوں ، عوامی نقل و حمل ، روزگار کی مہارت کی تربیت اور بزرگ شہریوں کے رہائش گاہوں کے بارے میں بہتر معلومات میسرہوں۔

ہم آپ پر منحصر ہیں!

کینیڈا کے مستقبل کی درست شکل دینے کے لئے ، مردم شماری مکمل کرنا آپ کا شہری فریضہ اور تمام رہائشیوں کے لئے قانونی ذمہ داری ہے، جیسا کہ *اسٹیٹسٹکس ایکٹ* میں کہا گیا ہے۔ کینیڈا کو آپ کی ضرورت ہے، لہٰذا آج ہی مردم شماری مکمل کریں!
کیا مدد کی ضرورت ہے؟

اگر مجھے مدد کی ضرورت ہو تو؟

اکثر پوچھے گئے سوالات کے جوابات کے لئے ، براہ کرم www.census.gc.ca ملاحظہ کریں – اگر آپ کو انٹرنیٹ تک رسائی حاصل نہیں ہے تو ، سینسس ہیلپ لائن (Census Help Line) سے 1-855-340-2021 پر رابطہ کریں۔ ٹی ٹی وائی (سماعت سے محروم لوگوں کے لئے ٹیلی مواصلات کا آلہ) تک رسائی کے قابل جواب دہندگان کو 1-833-830-3109 پر فون کرنا چاہیئے۔

Statistics Canada Statistique Canada
Canada